ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(19)

مورخہ 09.01.24

بہاول پور(   )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 04 ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب ومنشیات برآمد، ملزمان پابند سلاسل۔جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا، ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ کینٹ اور تھانہ سٹی حاصل پور پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 02 ملزمان نوید مسیح اور سعد کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 180 لیٹر شراب برآمد کرلی۔جبکہ تھانہ مسافر خانہ اور تھانہ اوچشریف پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے 02 ملزمان عبدالصمد اور شعیب کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 02 کلوگرام چرس برآمد کرلی۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کرکے تفتیش شروع کردی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہا ہے، معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کرنا پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب ومنشیات برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (20)

09.01.24

بہاول پور(   )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی زیر قیادت عوام الناس کو میڈیکولیگل سروسز کی فراہمی کے لئے ضلعی سطح پر بہاول وکٹوریہ ہسپتال اور ہر تحصیل کی سطح پر تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال میں پولیس خدمت کاونٹرز کی جانب سے گزشتہ سال 2023 کی کارگردگی رپورٹ جاری۔گزشتہ سال 4574 میڈیکولیگل سرٹیفیکیٹ کے حوالے سے عوام الناس کو معاونت فراہم کی گئی۔بہاولپور پولیس کی طرف سے خدمت کا یہ سفر جاری رہے گا،ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی میعاری میڈیکولیگل سروسز کی پالیسی اور ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات کی روشنی میں بہاولپور پولیس کی طرف سے شہریوں کو میعاری میڈیکولیگل سروسز کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے جس کے لئے ضلعی سطح پر بہاول وکٹوریہ ہسپتال اور ہر تحصیل کی سطح پر تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال میں پولیس خدمت کاونٹرز کا قیام عمل میں لایا گیا تھا۔پولیس خدمت کاونٹر کے ذریعے متاثرہ شخص /مضروب کو تھانہ کے بجائے براہ راست ہسپتال لے جا کر میڈیکل سہولت فراہم کی جاتی ہے اور ڈاکٹری کے معائنے کے بعد،میڈیکل سرٹیفیکیٹ بنائے جاتے ہیں۔گزشتہ سال 2023 میں پولیس خدمت کاونٹرز کی براہ راست معاونت سے 4574 میڈیکولیگل سرٹیفیکیٹ بنائے گئے۔اس سلسلہ میں ضلعی فوکل پرسن ڈسٹرکٹ میڈیکولیگل پولیس صفدر بھٹی اور انکی ٹیم 24 گھنٹے سروسز کی فراہمی بلاتعطل جاری رکھے ہوئے ہیں جو کرپشن سے پاک ،شفاف، بااخلاق اور بہترین ماحول میں باکردار ٹیم اپنے فرائض کی انجام دے رہی ہیں۔خواتین کے لئے لیڈی پولیس کا عملہ بھی ہمہ وقت موجود ہوتا ہے جو کسی بھی ایمرجنسی یا حادثہ کی صورت میں ریسکیو 1122 سے مسلسل رابطے میں رہتے ہیں۔متاثرہ شخص کی فوری طور پر رہنمائی کرتے ہوئے مضروب یا متاثرہ خاتون /مرد فوری طور پر طبی امداد و معائنہ کراتے ہیں۔MLC کی تکمیل کے لئے فوری طور پر ڈاکٹرز /میڈیکل اسٹاف کے عملے سے مسلسل رابطے میں رہتے ہیں اور MLC کی تکمیل کے بعد متعلقہ تفتیشی آفیسر کو فوری طور پر آگاہ کرتے ہیں جو کہ مقدمات کو پایہ تکمیل تک پہنچانے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔پولیس خدمت کاونٹر ڈی پی او بہاول پور کے براہ راست نگرانی میں ہوتا ہے۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے اس حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ عوام الناس کو معیاری سروسز کی فراہمی کے لئے بہاول پور پولیس دن رات کوشاں ہے۔میڈیکل لیگل سرٹیفیکیٹ کے حصول کے لئے پولیس خدمت کاونٹر کا قیام معیاری سروسز کی فراہمی کی طرف ایک اہم قدم ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی زیر قیادت پولیس خدمت کاؤنٹرز بہاول پور کی سالانہ پراگریس رپورٹ جاری